اٹل پینشن یوجنا (اے پی وائے)۔ خریدار کے لئے معلوماتی تحریر

☆اے پی وائے 60 سال کی عمر کے بعد حکومت ہند کے ذریعے گارنٹی شدہ ماہانہ کم از کم 1000 روپے، 2000 روپے، 3000 روپے، 4000 روپے اور 5000 روپے کے انتخاب کی پیش کش کرتی ہے۔

☆خریدار کو ہندوستان کا شہری ہونا چاہیے۔ اے پی وائے میں شامل ہونے کے لئے خریدار کی عمر 40-18 سال کے درمیان ہونا چاہیے۔

☆خریدار بینک کی برانچ/پوسٹ آفس (آن لائن/آف لائن موڈ جیسے بھی دستیاب ہوں) کے ذریعے اے پی وائے میں شامل ہو سکتا ہے۔

☆اے پی وائے اکاونٹ میں نامزدگی اور شریک زندگی کی تفصیلات فراہم کرنا لازمی ہے۔

☆قسطیں سیونگ بینک اکاونٹ سے آٹو ڈیبٹ سہولت کے ذریعے ماہانہ، سہ ماہی یا ششماہی کی بنیاد پر ادا کی جاسکتی ہیں۔

پی آر اے این، لین دین کا بیان اور اے پی وائے کے تحت ادائیگی

☆خریدار www.npscra.nsdl.co.in>> Home>>Atal pension Yojana>> APY e-PRAN/Transaction statement view پر جا کر لین دین کے بیان اور پی آر اے این کارڈ کسی بھی وقت اور کہیں سے بھی مفت دیکھے اور پرنٹ کئے جاسکتے ہیں۔

☆خریدار https://enps.nsdl.com/eNPS/APYRePrintPRAN.html>>Atal Pension Yojana>>Print APY PRAN Card ویب سائٹ پر مطلوبہ رقم کی ادائیگی کر کے فزیکل پی آر اے این کارڈ جاری کرنے کے لئے درخواست دے سکتا ہے۔

☆اٹل پینشن یوجنا میں اندراج کے بعد لین دین کا فزیکل بیان سال میں ایک بار رجسٹرڈ کرائے ہوئے پتے یعنی اٹل پینشن یوجنا میں اندراج کے بعد خریدار کے ذریعے فراہم کردہ پتے پر بھیجا جائے گا۔

☆اے پی وائے اکاونٹ/ادائیگی سے متعلق سبھی شکایتیں صرف اے پی وائے۔ ایس پی برانچ کو یا سی جی ایم ایس کے ذریعے درج کرنی چاہیئے۔

☆خریدار کے رجسٹرڈ موبائل نمبر پر وقفے وقفے سے SMS الرٹ کے ذریعے ادائیگی کی نوعیت کے بارے میں معلومات سے پی آر اے۔ این ایس ڈی ایل کے ذریعے مطلع کیا جائے گا۔

اے پی وائے کے تحت خریداری کی تفصیلات میں ترمیم

☆ذاتی تفصیلات جیسے پتہ، فون نمبر وغیرہ میں ترمیم کے لئے خریدار کو اے پی وائے سبسکرائبر ماڈیفکیشن فارم میں مطلوبہ تبدیلیوں کو بھر کر ضروری دستاویزات کے ساتھ اے پی وائے۔ ایس پی برانچ میں جمع کرنا ہوگا۔ فارم https://www.npscra.nsdl.co.in/nsdl-forms.php سے آن لائن ڈاون لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔

☆ادائیگی کی مدت میں تبدیلی مثلاً سہ ماہی ادائیگی سے ماہانہ ادائیگی یا ششماہی ادائیگی سے سہ ماہی ادائیگی وغیرہ اے پی وائے خریدار کے ذریعے اے پی وائے۔ ایس پی برانچ کو تحریری درخواست دے کر کی جاسکتی ہے۔

پینشن کی رقم میں کمی/زیادتی

☆اے پی وائے خریدار مالی سال میں ایک بار اپنے پینشن کی رقم میں کمی/زیادتی کر سکتا ہے۔

☆یہ خاصیت استعمال کنندہ کو منتخب کردہ گارنٹی والی پینشن رقم کے مطابق ڈپازٹ کرنے والی/واپس حاصل ہونے والی رقموں کے فرق کو چیک کرنے کا اہل بناتی ہے۔

☆زیادتی کی صورت میں زیادہ رقم ڈپازٹ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور کمی کی صورت میں زائد رقم خریدار کو واپس کر دی جائے گی۔

☆سوئچ کرنے کی سہولت ایک سال میں کسی بھی وقت ایک بار دستیاب ہوتی ہے، جس کے لئے ''اے پی وائے خریدار ماڈیفکیشن فارم'' https://www.npscra.nsdl.co.in/ >>Home>>Atal Pension Yojana>>Forms>>Subscriber Maintenance>> Subscriber Modification Form پر دستیاب ہے، جسے بھر کر اے پی وائے۔ ایس پی برانچ میں جمع کرنا ہوگا۔ پینشن کی رقم میں زیادتی کا مطلب ہے خریدار کی پینشن کی رقم میں اضافہ کرنا اور پینشن کی رقم میں کمی کا مطلب ہے خریدار کی پینشن کی رقم میں کمی کرنا ہے۔

اے پی وائے سے اخراج

☆**رضاکارانہ اخراج (60 سال کی عمر سے پہلے اخراج):** اے پی وائے اکاونٹ کو بند کرنے کے لئے باضابطہ بھرے ''اکاونٹ کلوزر فارم (والنٹری ایگزٹ)'' اور دوسرے متعلقہ دستاویزات کے متعلقہ اے پی وائے۔ ایس پی برانچ میں جمع کرنا ہوگا۔ فارم www.npscra.nsdl.co.in>>Home>>Atal Pension Yojana>>Forms>>Withdrawal Form>>Voluntary exit APY withdrawal form پر دستیاب ہیں۔ یہ اے پی وائے۔ ایس پی برانچ میں بھی دستیاب ہیں۔ خریدار کو اے پی وائے اکاونٹ کے بند ہونے کے بعد بھی اے پی وائے سے جڑے سیونگ بینک اکاونٹ کو بند نہیں کرنا چاہیئے کیوں کہ اکاونٹ بند ہونے کے بعد جو رقم خریدار کو اس کے میعاد پوری ہونے سے پہلے اخراج پر حاصل ہونے والی ہے وہ اس کے اے پی وائے سے لنک سیونگ اکاونٹ میں ٹرانسفر کی جائے گی اور اس اکاونٹ کے بند ہونے کی وجہ سے بند ہوئے پینشن اکاونٹ کی رقم کے ٹرانسفر میں مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے۔

☆**موت کی وجہ سے اخراج:** دعوی دار موت کے سرٹیفکیٹ کی نقل کے ساتھ باضابطہ بھرا ہوا ''اے پی وائے کلوزر فارم (ڈیتھ)'' فارم متعلقہ اے پی وائے۔ ایس پی برانچ میں جمع کر سکتا ہے۔ فارم www.npscra.nsdl.co.in>>Home>>Atal Pension Yojana>>Forms>>Withdrawal Form>>APY death form پر دستیاب ہیں۔ یہ اے پی وائے۔ ایس پی برانچ پر بھی دستیاب ہیں۔

☆**60 سال سے پہلے اے پی وائے خریدار کی موت پر** شریک زندگی کے پاس اختیار ہے کہ وہ اس وقت تک جب اصل خریدار 60 سال کی عمر کو پہنچ گیا ہوتا، خریدار کے اے پی وائے اکاونٹ میں قسطوں کا بھرنا جاری رکھے جسے باقی نفاذ کے وقت کے لئے شریک زندگی کے نام پر برقرار رکھا جاسکتا ہے۔ شریک زندگی کے اکاونٹ جاری نہ رکھنے کی خواہش کی صورت میں اسے صرف جمع پینشن ویلتھ ہی واپس کی جائے گی یعنی اس کی ادائیگی پر کمائے گئے کل اصل سود سمیت اے پی وائے میں کی گئیں ادائیگیاں (اکاونٹ رکھ/رکھاو چارج گھٹانے کے بعد)۔

☆ **60 سال کے بعد اے پی وائے اکاونٹ خریداری کی موت پر** ماہانہ گارنٹی شدہ پینشن خریدار کی/کے شریک زندگی کو قابل ادا ہوگی اور شریک زندگی کی غیر موجودگی یا بعد میں موت کی صورت میں خریداری کئے گئے پینشن پلان کے مطابق پینشن ویلتھ/کارپس خریدار کے نامزد کردہ کو قابل ادا ہوں گے۔ نامزد شریک زندگی کے علاوہ کوئی دوسرا ہونا چاہیئے۔

اے پی وائے موبائل ایپلیکیشن

☆اے پی وائے موبائل ایپلیکیشن اے پی وائے یوزرس کے لئے مفت دستیاب ہے جہاں حالیہ 5 ادائیگیاں چیک کی جاسکتی ہیں اور لین دین کا بیان اور ای۔ پی آر اے این بغیر کسی چارج کی ادائیگی کے کسی بھی ڈاون لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ اینڈرائیڈ یوزر، سرچ آپشن میں 'اے پی وائے اینڈ این پی ایس' ٹائپ کر کے گوگل پلے اسٹور سے اے پی وائے، موبائل ایپلیکیشن ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں۔

اے پی وائے کے تحت شکایت درج کرنا

☆خریدار www.npscra.nsdl.co.in >>Home >> select: NPS-Lite پر جا کر یا سی جی ایم ایس کے ذریعے اپنی شکایت کسی بھی جگہ سے یا کسی بھی وقت مفت درج کر سکتے ہیں۔

☆شکایت درج کرنے پر خریدار کو شکایت درج کرنے پر ایک ٹوکن نمبر دیا جائے گا۔ خریدار 'چیک دی اسٹیٹس آف گریوینس/انکوائری آر ایڈی رجسٹرڈ'' کے تحت شکایت کے اسٹیٹس کو چیک کر سکتا ہے۔

اے پی وائے سوشیل میڈیا پیج لنک

اے پی وائے، پی ایف آر ڈی اے پیج ذیل پر دستیاب ہیں

☆فیس بک

https://www.facebook.com/OfficialAPY/

☆اے پی وائے کی یاٹھشالہ

https://www.youtube.com/channel/UC5SuHg-O6ipH1J_HTfU17ug

پی ایف آر ڈی اے پیج ذیل پر دستیاب ہیں

☆لنکڈ ان

tps://www.linkedin.com/in/pfrda-pension-fund-regulator-of-india

-051614168/?originalSubdomain=in

☆یوٹیوب

https://www.youtube.com/channel/UCLMx1eZWY-LDeyIWCwYu15Q

☆ٹویٹر

https://twitter.com/pfrdaofficial?lang=en

مزید تفصیلات کے لئے: برائے مہربانی کال کریں:

اٹل پینشن یوجنا ہیلپ ڈیسک (ٹول فری): 1800 110 069

برائے مہربانی وزٹ کریں:

پی ایف آر ڈی اے ویب سائٹ: https://www.pfrda.org.in/>>NPS>>Atal Pension Yojana>>APY Scheme details, https://www.pfrda.org.in/>>NPS>>Atal Pension Yojana>>FAQs

این ایس ڈی ایل ویب سائٹ: www.npscra.nsdl.co.in>>Home>>Atal Pension Yojana>>Introduction>>APY Scheme details, www.npscra.nsdl.co.in>>Home>>Atal Pension Yojana>>FAQ's>>APY FAQ's

این پی ایس ٹرسٹ ویب سائٹ: http://www.npstrust.org.in >>Atal Pension Yojana >>APYSchemedetails.pdf, http://www.npstrust.org.in >>Atal Pension Yojana >>APYFAQs10092015.pdf